Maulana Azad National Urdu University

P.G. Generic Elective III Semester Examination, January 2023

PGPA301GET : Introduction to Indian Constitution

پرچہ: دستور ہند کا تعارف

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر 1

(i) ہندوستانی دستور کے کس شیڈول (Schedule) میں سرکاری زبانوں کی فہرست ہے؟

(a) Schedule 8 (b) Schedule 10 (c) Schedule 7 (d) Schedule 9

(ii) دستور کے ماخذ (Sources) کے متعلق ان میں سے کون سی جوڑی صحیح نہیں ہے؟

(a) بنیادی حقوق۔امریکہ (b) پارلیمانی نظام۔فرانسیسی دستور (c) بنیادی فرائض۔روسی دستور (d) رہنمایانہ اصول۔ایرش دستور

(iii) صدر جمہوریہ کتنے میعاد کے لیے منتخب ہو سکتے ہیں؟

(a) 2 (b) 3 (c) 1 (d) کوئی پابندی نہیں

(iv) ہندوستان میں وزیر اعظم بننے کے لیے کیا ضروری ہے؟

(a) لوک سبھا کا ممبر ہو (b) راجیہ سبھا کا ممبر ہو

(c) راجیہ سبھا اور لوک سبھا میں کسی کا ممبر ہونا ضروری نہیں (d) راجیہ سبھا اور لوک سبھا میں کسی ایک کا ممبر ہونا ضروری ہے

(v) ان میں سے کون سا مرکزی ماتحت علاقہ (Union Territory) نہیں ہے؟

(a) دہلی (b) پڈوچیری (c) گوا (d) لداخ

(vi) حق تعلیم (Right to Education) کس دفعہ کے تحت ایک بنیادی حق ہے؟

(a) دفعہ 45 (b) دفعہ 25 (c) دفعہ 21A (d) دفعہ 32

(vii) ان میں سے کون سی جوڑی غلط ہے؟

(a) CAG - دفعہ 148 | (b) Election Commision -دفعہ 112

(c) UPSC -دفعہ 315 | (d) Finance Commission -دفعہ 280

(viii) دفعہ 17 کا تعلق اس سے ہے؟

(a) چھوت چھات کا خاتمہ (b) سپریم کورٹ کے اختیارات (c) یکساں سول کوڈ (d) گورنر کا تقرر

(ix) ان میں سے گرام سبھا میں حصہ لے سکتے ہیں؟

(a) سرپنچ (b) وارڈ ممبر (c) گاؤں کے تمام ووٹرس (d) یہ سبھی

(x) دستور ساز اسمبلی کی مسودہ کمیٹی (Drafting Committee) کے صدر نشین کون تھے؟

(a) بابو راجندر پرساد (b) ڈاکٹر امبیڈکر (c) مولانا آزاد (d) سردار پٹیل

حصہ دوم

2. دستور ساز اسمبلی (Constituent Assembly) پر ایک نوٹ لکھیے۔

3. بنیادی فرائض (Fundamental Duties) پر مختصر مضمون لکھیے۔

4. دستور ہند کے ترمیم کے طریقہ کار پر روشنی ڈالیے۔

5. گورنر کے فرائض کیا ہیں؟

6. دستور ہند میں خواتین کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟

7. پنچایتی راج اداروں کی ساخت (Structure of Panchayati Raj) بیان کیجیے۔

8. الیکشن کمیشن (Election Commission) کی ساخت اور اختیارات پر روشنی ڈالیے۔

9. قومی کمیشن برائے پسماندہ طبقات (National Commission for Backward Classes) کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10. دستور ہند کے اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

11. صدر جمہوریہ کے فرائض و اختیارات کا جائزہ لیجیے۔

12. دستور ہند میں دیے گئے بنیادی حقوق پر ایک مضمون لکھیے۔

13. ہندوستانی پارلیمنٹ کی ساخت اور فرائض کا جائزہ لیجیے۔

14. دستور ہند میں درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے لیے کیے گئے مخصوص اقدامات پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆